http://www
لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہر نامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار ''شہر نامہ''
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہر نامہ
اسلام آباد
ایڈیٹر راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر | ہفتہ 17 اکتوبر 2026ء 05 جمادی الاول 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر
07 | فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com | 42

فضل الرحمان سیاست کریں ادارہ اور شہدا کی تضحیک نہ کریں مریم نواز، عظمیٰ بخاری
خیبر پختونخوا میں محاذ کھل گیا

مریم نواز کی کڑی تنقید، دہشت گردی کے مبینہ حامیوں کی حمایت پر سوال اٹھا دیا، مولانا فضل الرحمان کے بیان پر نئی بحث چھڑ گئی

فضل الرحمن کے حالیہ بیان پر قوم میں شدید وغصہ، سنجیدہ سیاستدان سے غیر ذمہ دارانہ بیانات کی توقع نہیں کی جاتی، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب کی وزیر اعلیٰ مریم نواز نے کہا ہے کہ مولانا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

ساہیوال، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز ایک طالبعلم کو لیپ ٹاپ دے رہی ہیں

گورنر شپ نہ ملنے پر سیاسی جماعت کے سربراہ شدید ناراض ہیں، محسن نقوی

ایسے سیاستدانوں کو انگلیاں اٹھانا زیب نہیں دیتا جو ماضی میں دہائیوں تک اسٹیبلشمنٹ کے سہارے سیاست کرتے رہے

سیاسی اختلاف اپنی جگہ، لیکن غیر شائستہ زبان اور الزام تراشی کے بجائے دلائل اور حقائق کی بنیاد پر بات ہونی چاہیے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ گورنر راج میں حصہ اور گورنر شپ نہ ملنے پر ایک سیاسی جماعت کے سربراہ شدید ناراض ہیں، ایسے سیاستدانوں کو دوسروں پر انگلیاں اٹھانا زیب نہیں دیتا جو ماضی میں کئی دہائیوں تک اسٹیبلشمنٹ کے سہارے سیاست کرتے رہے۔ لاہور میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ یہ وہی سیاستدان ہیں جو اپنی سیاسی جماعت کے ہوائی ٹکٹ بھی اسٹیبلشمنٹ سے بنواتے تھے۔ سیاسی اختلاف اپنی جگہ، لیکن غیر شائستہ زبان اور الزام تراشی کے بجائے دلائل اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف سے نوتعینات سعودی عرب کے سفیر ڈاکٹر راجح طامی العتمی ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑا ہے
سعودیہ کی سلامتی و خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، شہباز شریف

اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدہ اور مکہ مشترکہ دفاعی اتحاد دونوں ممالک کے دیرینہ برادرانہ تعلقات میں تاریخی سنگِ میل کی حیثیت رکھتے ہیں

نوتعینات سفیر ڈاکٹر راجح طامی العتمی کی ملاقات، وزیر اعظم نے پاکستان کو فراہم کی جانے والی طویل مدتی اقتصادی اور مالی معاونت پر سعودی قیادت کا شکریہ ادا کیا

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف گیلانی بین الاقوامی پیڈیاٹرک کانفرنس کا افتتاح کر رہے ہیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب کی سلامتی و خودمختاری کے لیے برادر ملک کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ سعودی عرب کے نوتعینات سفیر، ڈاکٹر راجح طامی العتمی نے وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی، جہاں وزیر اعظم نے مہمان کا خیر مقدم کیا اور انہیں نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حالیہ برسوں میں پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے۔ انہوں نے مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید گہرا اور وسیع کرنے کے لیے موجودہ ادارہ جاتی میکانزم کو مزید مستحکم کرنے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ انہوں نے مملکتِ سعودی عرب کے خلاف حوثی حملوں میں حالیہ اضافے کی شدید مذمت کی، جس کے نتیجے میں قیمتی جانیں ضائع ہوئیں اور پاکستانی شہریوں سمیت متعدد بے گناہ افراد زخمی ہوئے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان اور سعودی عرب ہمیشہ ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کھڑے رہے ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدہ اور مکہ مشترکہ دفاعی اتحاد دونوں ممالک کے دیرینہ برادرانہ تعلقات میں تاریخی سنگِ میل کی حیثیت رکھتے ہیں اور یہ علاقائی امن و سلامتی کے لیے ان کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ وزیر اعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان، مملکتِ سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لیے ان کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ انہوں نے پاکستان کو فراہم کی جانے والی طویل مدتی اقتصادی اور مالی معاونت پر سعودی قیادت کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے سفیر کے لیے ان کی ذمہ داریوں میں کامیابی کی دعا کی اور دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

پشاور سکول سانحہ کی جائے وقوعہ کا دورہ، نظام کی کمزوریوں اور غفلت کا بروقت سدباب ضروری، رابینہ خالد

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کا جاں بحق بچوں کے والدین سے تعزیت اور دلی ہمدردی کا اظہار

کوتاہی کے ذمہ داروں کی نشاندہی کر کے انہیں قانون کے مطابق جواب دہ ٹھہرایا جانا چاہیے، گفتگو

پشاور، چیئرپرسن بی آئی ایس پی روبینہ خالد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے پشاور کے علاقے دیر کالونی، سعید آباد میں اسکول کی چھت گرنے کے افسوسناک واقعے کی جائے وقوعہ کا دورہ کیا اور جاں بحق بچوں کے والدین سے ملاقات کر کے تعزیت کی۔ انہوں نے اس المناک سانحے میں معصوم بچوں اور اساتذہ کی قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے غمزدہ خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور کہا کہ اس ناقابلِ تلافی نقصان پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

وسط مدتی انتخابات سے ٹرمپ کو دھچکا، مقبولیت کم ترین سطح پر آ گئی

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا میں وسط مدتی انتخابات سے پہلے صدر ٹرمپ کی مشکلات میں مزید اضافہ ہو گیا۔ امریکی نشریاتی ادارے فوکس نیوز کے سروے میں صدر ٹرمپ کی مقبولیت کم ترین سطح پر آ گئی۔ سروے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

26 نومبر احتجاج کیس، علیمہ خان کے خلاف محفوظ فیصلہ چوتھی بار مؤخر

راولپنڈی (صباح نیوز) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت نے علیمہ خان کے خلاف 26 نومبر احتجاج پر درج مقدمے کا فیصلہ ایک بار پھر مؤخر کر دیا۔ کیس کی سماعت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

چاروں صوبوں میں تعلیم کو تباہ کرنے کا مقابلہ چل رہا، حافظ نعیم

پنجاب میں نویں جماعت کے بادن فیصد بچے فیل، مریم بیٹی کی تقریب کیلئے لندن چلی گئیں

نوجوان مفت اور معیاری تعلیم کے حق میں آواز اٹھائیں، امیر جماعت اسلامی

گجرات (نمائندہ شہر نامہ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ ملک کا تعلیمی نظام فرسودہ اور مہنگا ہے، پونے تین کروڑ بچے سکول نہیں جاتے، چاروں صوبائی حکومتوں میں تعلیم کو تباہ کرنے کا مقابلہ چل رہا ہے، پنجاب میں نویں جماعت کے بادن فیصد بچے فیل ہو گئے، صوبہ کی وزیر اعلیٰ بیٹی کی گریجوایشن تقریب کے لیے گیارہ ارب کے سرکاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

کراچی، گورنر سندھ نہال ہاشمی سے کوریا کے قونصل جنرل ملاقات کر رہے ہیں

امریکی وزیر خزانہ کا ایران پر نئی پابندیوں کا اعلان

نئی پابندیاں آپریشن اکنامک آؤٹ کاسٹ کے تحت عائد کی گئی ہیں، سکاٹ بیسنٹ

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی وزیر خزانہ سکاٹ بیسنٹ نے ایران پر نئی پابندیوں کا اعلان کر دیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر بیان میں سکاٹ بیسنٹ کا کہنا تھا کہ نئی پابندیاں آپریشن اکنامک آؤٹ کاسٹ کے تحت عائد کی گئی ہیں، ایران سے تعلق پر ایک عراقی بینک اور مشرق وسطیٰ و ایشیا میں قائم مالیاتی نیٹ ورکس پر پابندیاں لگائیں۔ انہوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

KP میں تمام سکولز کی عمارتوں کا معائنہ، ڈیڈ لائن مقرر

محکمہ مواصلات و تعمیرات کو 26 اکتوبر تک جامع رپورٹس جمع کرانے کی ہدایت

پشاور (نیوز ایجنسیاں) خیبر پختونخوا حکومت نے سرکاری سکولوں کی عمارتوں کی ساختی حفاظت یقینی بنانے کیلئے صوبے کے تمام اضلاع میں تکنیکی ٹیموں کے ذریعے تفصیلی معائنے کا فیصلہ کیا ہے، محکمہ مواصلات و تعمیرات کو 26 اکتوبر 2026 کی دوپہر 12 بجے تک جامع رپورٹس جمع کرانے کی ہدایت کر دی گئی۔ محکمہ ایلیمنٹری و ثانوی تعلیم خیبر پختونخوا نے محکمہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال سے لبنانی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

سینیٹ اجلاس ملتوی، معمول کی کارروائی بھی مکمل نہ ہو سکی

سوالات کرنیوالے ارکان موجود نہیں تھے، پریزائیڈنگ افسر نے مؤخر کر دیئے

اسلام آباد (صباح نیوز) سینیٹ اجلاس کو اراکین عدم دلچسپی کے باعث 19 اکتوبر کی شام 4 بجے تک ملتوی کر دیا گیا، اجلاس میں معمول کی کارروائی بھی مکمل نہ ہو سکی۔ سینیٹ میں سوالات کرنے والے زیادہ تر ارکان موجود نہیں تھے جس پر پریزائیڈنگ افسر شہادت اعوان نے اب تک کے تمام سوالات مؤخر کر دیے، سوالات پوچھنے والے زیادہ تر ارکان غیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

دیر کالونی سکول واقعے کی تحقیقات کیلئے 2 رکنی کمیٹی تشکیل

سیکریٹری ٹرانسپورٹ زبیر احمد انکوائری کمیٹی کے چیئرمین مقرر

پشاور (صباح نیوز) چیف سیکریٹری خیبر پختونخوا نے دیر کالونی اسکول واقعے کی تحقیقات کے لیے 2 رکنی کمیٹی تشکیل دے دی۔ اس حوالے سے جاری اعلامیہ کے مطابق سیکریٹری ٹرانسپورٹ زبیر احمد انکوائری کمیٹی کے چیئرمین مقرر کیے گئے ہیں جبکہ چیف انجینئر سی اینڈ ڈبلیو جمشید علی خان کمیٹی کے رکن ہوں گے۔ کمیٹی اسکول کی عمارت کی ساخت اور تعمیراتی معیار کا جائزہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

بنوں پولیس کو جدید بلٹ پروف گاڑیاں فراہم

جدید بلٹ پروف گاڑیوں کی فراہمی سے بنوں پولیس کی استعداد کار میں اضافہ ہوگا

پشاور (نیوز ایجنسیاں) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی جانب سے فراہم کردہ جدید بلٹ پروف گاڑیاں بنوں پولیس لائن پہنچ گئیں، جن کا مقصد دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں کے دوران پولیس اہلکاروں کو بہتر تحفظ فراہم کرنا اور فورس کی آپریشنل صلاحیتوں میں اضافہ کرنا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق جدید بلٹ پروف گاڑیوں کی فراہمی سے بنوں پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

آمن کے عزم کو کسی بھی بھارتی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا، پاکستان

کمزوری نہ سمجھا جائے، دفتر خارجہ کا سعودی عرب پر حوثی حملوں کی مذمت، ریاض کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کی حمایت کا اعادہ

پاکستان اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کیلئے تیار، بھارت گزشتہ سال مئی کے واقعات سے سبق سیکھے، ترجمان

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان نے بھارت کو دوٹوک پیغام دیا ہے کہ اس کے امن کے عزم کو کمزوری نہ سمجھا جائے، پاکستان اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لیے پوری طرح تیار ہے اور کسی بھی جارحیت کا بھرپور اور مؤثر جواب دیا جائے گا۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے اسلام آباد میں ہفتہ وار میڈیا بریفنگ کے دوران بھارتی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے پاکستان کے خلاف دھمکی آمیز بیان کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

تین روز کے لیے پیٹرول سستا، ڈیزل کی قیمت برقرار

پیٹرول کی فی لیٹر قیمت 386 روپے 30 پیسے مقرر، نوٹی فکیشن جاری

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) حکومت نے اگلے تین روز کے لیے پیٹرول کی قیمت میں کمی کر دی جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں کوئی ردوبدل نہیں کیا گیا۔ پیٹرولیم ڈویژن سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے وفاقی حکومت کے طے کردہ میکنزم کی بنیاد پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں 3 روپے 93 پیسے کی کر دی ہے، جس کے نتیجے میں پیٹرول کی فی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

حرمین شریفین کے دفاع کیلئے متحد ہیں، سعودی اتحاد

حوثیوں کے حملے بین الاقوامی اصولوں کی کھلی خلاف ورزی ہیں، ترکی المالکی

ریاض (آئی این پی) سعودی فوجی اتحاد کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی نے کہا کہ حرمین شریفین کے دفاع کے لئے ہم متحد ہیں۔ سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں ترجمان سعودی فوجی اتحاد کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی نے نیوز کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ حوثی ملیشیا نے سعودی عرب کے متعدد ہوائی اڈوں، تیل تنصیبات اور بندرگاہوں کو نشانہ بنانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

انمول عرف پنکی کو ایک اور مقدمے سے بری، رہا کرنے کا حکم

کراچی (صباح نیوز) منشیات ڈیلر انمول عرف پنکی کو ایک اور مقدمے سے بری کر کے عدالت نے رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی عدالت نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

اسلام آباد، نائب وزیر اعظم شہباز شریف کابینہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ٹرمپ کا ایران کیخلاف جوہری ہتھیار استعمال نہ کرنیکا اعلان

زمینی فوج بھیجنے کا امکان بھی مسترد، روس اور چین سے بات چیت کر رہے ہیں

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران پر جوہری ہتھیار استعمال نہ کرنے کا اعلان کرتے ہوئے امریکی زمینی فوج بھیجنے کا امکان مسترد کر دیا۔ نیوز میکس کو دیئے گئے انٹرویو میں امریکی صدر نے کہا ہے کہ وہ ایران کے خلاف جوہری ہتھیار استعمال نہیں کریں گے۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ وہ ایران میں امریکی فوجی دستے تعینات کرنے کا بھی کوئی ارادہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

امریکا کو ایران کیخلاف مظالم پر سزا ملنی چاہیے، باقر قالیباف

تہران (آئی این پی) ایرانی پارلیمانی اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ امریکا کو ایران کے خلاف کیے گئے مظالم پر سزا ملنی چاہیے، اسے اپنا رویہ بدلنا چاہیے اور یہ سمجھنا چاہیے کہ اسے ایرانی عوام کے جائز مطالبات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

دہشتگردی پر کنٹرول کے بعد نظام صوبائی حکومت کے حوالے کر دیا جائیگا، طارق فضل چوہدری

وزیر اعظم نے اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دی ہے، حزب اختلاف بامقصد بات چاہتی ہے تو خوش آمدید کہتے ہیں

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے آئینی تقاضوں کی تکمیل ہو چکی ہے: وفاقی وزیر کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری کا کہنا ہے خیبر پختونخوا میں دہشتگردی پر کنٹرول کے بعد نظام صوبائی حکومت کے حوالے کر دیا جائے گا۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری کا کہنا تھا وزیر اعظم نے اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دی ہے، وزیر اعظم نے خود اپوزیشن لیڈر سے کہا کہ چیٹھیں بات کریں، بامقصد مذاکرات کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

گجرات، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن بنو قابل تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

مکہ مسجد میں نازیبا حرکات پر خاتون اور 2 بنگلادیشی افراد کو سزائے موت

ریاض (آئی این پی) سعودی عرب نے مکہ مکرمہ کی مسجد کے اندر نازیبا حرکات کے الزام میں خاتون سمیت 2 بنگلادیشی افراد کو سزائے موت دے دی۔ سعودی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق سعودی وزارت داخلہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

محمد افضال عالمی موسمیاتی تنظیم میں مستقل مندوب مقرر

عالمی موسمیاتی تنظیم کے مستقل نمائندے کی حیثیت سے ذمہ داریاں سنبھالیں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر جنرل محمد افضال کو عالمی موسمیاتی تنظیم میں پاکستان کا مستقل نمائندہ مقرر کر دیا گیا۔ محمد افضال عالمی موسمیاتی تنظیم ڈبلیو ایم او میں پاکستان کے مستقل نمائندے کی حیثیت سے نئی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ تقرری پاکستان کی عالمی موسمیاتی تنظیم میں نمائندگی کے حوالے سے اہم پیش رفت ہے، موسمیاتی خدمات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کو لندن میں آنریری بیجز کا اعزاز دے دیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی کو دورہ برطانیہ کے دوران لندن میں انٹرٹیمپل کی جانب سے آنریری بیجز کا اعزاز دے دیا گیا۔ سپریم کورٹ کے اعلامیے کے مطابق چیف جسٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

وفاقی وزیر خزانہ کی عالمی بینک کے صدر سے ملاقات

ملاقات میں پاکستان کی معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی عالمی بینک کے صدر اجے بنگا سے ملاقات ہوئی ہے جس میں پاکستان کی معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تھائی لینڈ کے وزیر اعظم کی جانب سے دیے گئے عشائیے کے موقع پر ہونے والی ملاقات میں پاکستان کی معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگ زیب نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

ہر جارحیت کا فیصلہ کن جواب دینگے، ایران کا اعلان

ایران ہمسایہ ممالک کے ساتھ اچھے تعلقات کا خواہاں رہا ہے، نائب وزیر خارجہ

تہران (نیوز ایجنسیاں) ایران کے نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے کہا ہے کہ ایران جنگ کا خواہاں نہیں تاہم اس کے خلاف کسی بھی جارحیت کا بھرپور اور فیصلہ کن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

بینکاک، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے برطانوی وزیر وفد کے ہمراہ ملاقات کر رہی ہیں

پشاور: دہشت گردوں کا پولیس چوکی پر حملہ، کانسٹیبل شہید

جوابی کارروائی پر حملہ آور فرار، علاقے میں فوری سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا

پشاور (صباح نیوز) دہشت گردوں کے پولیس پوسٹ پر حملے کے دوران ایک کانسٹیبل شہید ہو گیا۔ سی سی پی او پشاور کے مطابق گزشتہ رات حسن خیل کی سپین میلہ پولیس پوسٹ پر دہشت گردوں نے حملہ کیا، جہاں ڈیوٹی پر مامور پولیس جوانوں نے غیر معمولی دلیری اور ثابت قدمی کے ساتھ دہشت گردوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ اس دوران شدید جوابی فائرنگ کے بعد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

ڈہرکی، ملت ایکسپریس کی بوگی پٹڑی سے اتر گئی، آمدورفت متاثر

کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، ٹریک کی بحالی کے لیے روہڑی سے ہیوی مشینری طلب

گھوٹکی (صباح نیوز) گھوٹکی کے قریب ڈہرکی میں ملت ایکسپریس کی ایک بوگی پٹڑی سے اتر گئی، حادثے کے باعث ڈاؤن ریلوے ٹریک پر 3 گھنٹے سے ٹرینوں کی آمدورفت متاثر ہوئی، ریلوے حکام کے مطابق حادثہ واقعہ میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ متاثرہ بوگی کو ہٹانے اور ٹریک کی بحالی کے لیے روہڑی سے ہیوی مشینری طلب کر لی گئی۔ ڈی ایس ریلوے سکھر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

پاکستان 2027ء میں ورلڈ بینک گروپ و IMF بورڈز آف گورنرز کی سربراہی کریگا

احد چیمہ دونوں اداروں کے بورڈز آف گورنرز کے آئندہ چیئرمین نامزد، اعلان بنکاک اجلاسوں کے پلینری سیشن میں کیا گیا

وفاقی وزیر احد چیمہ کی ڈبلیو بی جی کی نائب صدر، کارپوریٹ سیکریٹری سے ملاقات، ادارہ جاتی معاونت، رابطہ کاری پر گفتگو

اسلام آباد، بنکاک (نیوز ایجنسیاں) وفاقی وزارت اقتصادی امور نے کہا ہے کہ پاکستان 2027 میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے بورڈز آف گورنرز کی سربراہی کرے گا، وزیر اقتصادی امور احد چیمہ کو 2027 کے لیے دونوں اداروں کے بورڈز آف گورنرز کا آئندہ چیئرمین نامزد کر دیا گیا۔ وزارت اقتصادی امور کے جاری اعلامیہ کے مطابق یہ اعلان بنکاک میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

اسلام آباد، اسلامی یونیورسٹی کے طلبہ پارلیمنٹ دورہ کر رہے ہیں

امریکی میزائل دفاعی ذخائر 2030 تک کمی کی برقرار رہنے کا خدشہ

واشنگٹن (نیوز ایجنسیاں) ایران جنگ کے باعث امریکی میزائل دفاعی ذخائر پر دباؤ بڑھ گیا، جبکہ تھاڈ اور پیٹریاٹ میزائلوں کے ذخائر 2030 تک بھی انتہائی کم سطح پر رہنے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ امریکی نشریاتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

اداریہ

0333-5196088 :فون
0344-5335568 :فون
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

کے پی کے، ایمرجنسی اور گورنر راج پر مہر ثبت!

پارلیمان کے مشترکہ اجلاس نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی توثیق کی قرارداد 214 ووٹوں سے منظور کر لی جبکہ 56 ارکان نے اس کی مخالفت کی۔ پاکستان پیپلز پارٹی، پاکستان مسلم لیگ (نواز) اور متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) نے قرارداد کی حمایت کی۔ حزبِ اختلاف نے ایوان میں احتجاج کیا اور 'گورنر راج نامنظور' کے نعرے لگائے۔ اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کی صدارت میں ہونے والے اس اجلاس میں وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے قرارداد پیش کی۔ اس موقع پر چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی اور نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار سمیت کئی اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔ دو روز قبل قومی اسمبلی اور سینیٹ کے الگ الگ اجلاسوں میں ان دونوں اقدامات کی توثیق کے لیے قراردادیں منظور کی جا چکی ہیں۔ یوں آئینی تقاضوں کی حد تک یہ مرحلہ مکمل ہو گیا مگر اب دیکھنا یہ ہے کہ اس سب کے سیاسی و سماجی سطح پر کیا اثرات ہوں گے۔

کوئی اس بات کو پسند کرے یا نہ کرے لیکن اس معاملے کا ایک مثبت پہلو یہ ہے کہ یہ سارا عمل آئین کے مطابق اور پارلیمان کے فورم کو بروئے کار لاتے ہوئے کیا گیا۔ جمہوری نظام میں سب سے بڑی طاقت یہی ہوتی ہے کہ بڑے اور متنازع فیصلے بھی ایوان میں لائے جائیں، ان پر بحث ہو، ووٹ پڑیں اور گنتی ہو۔ اجلاس کے دوران حزبِ اختلاف نے کتنی کا مطالبہ کیا تو وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ اگر اپوزیشن گنتی چاہتی ہے تو کرا لی جائے اور اسپیکر کی ہدایت کے مطابق گنتی کی گئی۔ یہ ایک مثبت روایت ہے۔ ایوان کے اندر اختلاف کا اظہار، احتجاج اور پھر گنتی کے ذریعے فیصلہ، یہ سب جمہوری عمل کا حصہ ہیں۔ مسئلہ تب پیدا ہوتا ہے جب اختلاف ایوان سے نکل کر گلی کوچوں تک پہنچ جائے اور بات چیت کے دروازے بند کر دیے جائیں۔

ایمرجنسی اور گورنر راج وفاقی حکومت کو آئین میں دیے گئے اختیارات ہیں؛ آئین ساز اس بات سے آگاہ تھے کہ کبھی ایسے حالات بھی آ سکتے ہیں جب معمول کا نظام کام نہ کر پائے لیکن آئین یہ بھی واضح کرتا ہے کہ ایسے اقدامات عارضی ہیں اور پارلیمان سے ان کی توثیق لازمی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ایمرجنسی کوئی مستقل بندوبست نہیں بلکہ ایک وقتی علاج ہے۔ جمہوری نظام کی اصل کامیابی اس میں ہے کہ یہ علاج جلد از جلد اپنا مقصد پورا کرے اور معاملات دوبارہ منتخب نمائندوں کے ذریعے معمول کے مطابق چلنے لگیں۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ اکثریت کی بنیاد پر پارلیمان میں کسی معاملے پر فیصلہ کرا لینا ایک بات ہے اور اس فیصلے کو عوام کے لیے قابلِ قبول بنانا بالکل دوسری بات۔ اب حکومت پر ایک بھاری ذمہ داری یہ عائد ہوتی ہے کہ ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی جو بھی ٹھوس وجوہ ہیں انھیں شفاف انداز میں قوم کے سامنے لایا جائے۔ عوام کو بتایا جائے کہ کن حالات نے یہ قدم اٹھانے پر مجبور کیا، اس کے مقاصد کیا ہیں اور یہ کب تک نافذ رہے گا۔ ابہام افواہوں کو جنم دیتا ہے اور افواہیں بداعتمادی کو۔ حکومت کا فرض ہے کہ وہ حزبِ اختلاف کو بھی اعتماد میں لے اور یہ پیغام دے کہ ایمرجنسی اور گورنر راج کسی سیاسی حریف کو دبانے کا ذریعہ نہیں بلکہ ایک مخصوص صورتحال سے نمٹنے کے لیے عارضی انتظام ہے۔

یہ صورتحال حزبِ اختلاف کے لیے بھی لمحۂ فکریہ ہونی چاہیے۔ اجلاس کے دوران ایوان میں نعرے بازی اور احتجاج اپنی بات پہنچانے کا ایک جمہوری طریقہ ضرور ہے لیکن صرف احتجاج سے مسائل حل نہیں ہوتے۔ اگر اپوزیشن کو واقعی اس اقدام پر جائز تحفظات ہیں تو اپنے تحفظات مدلل انداز میں پیش کرنا، اس حوالے سے پارلیمانی کمیٹیوں میں آواز اٹھانا، آئینی اور قانونی راستہ اختیار کرنا اور حکومت کے ساتھ بات چیت کا دروازہ کھلا رکھنا مسائل کے حل کے لیے زیادہ نتیجہ خیز ثابت ہو سکتا ہے۔ سڑکوں پر کشیدگی بڑھانے یا ایسی فضا پیدا کرنے سے جس میں عام شہری خوف اور بے یقینی کا شکار ہو، آخر کار اسی صوبے کے لوگوں کو نقصان پہنچتا ہے جن کی نمائندگی کا دعویٰ کیا جا رہا ہے۔

صوبے کے عوام کی آواز اس ساری بحث میں سب سے زیادہ اہمیت کی حامل ہے۔ خیبر پختونخوا کے لوگ دہائیوں سے بدامنی، مہنگائی اور بے روزگاری کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں۔ انھیں اس بات سے غرض نہیں کہ ایوان میں کس نے کتنے ووٹ لیے، انھیں فکر یہ ہے کہ ان کے بچے محفوظ ماحول میں اسکول جا سکیں، ان کے کاروبار چلیں، ہسپتالوں میں علاج میسر ہو اور ان کی زندگیوں میں کچھ بہتری آئے۔ سیاسی قیادت کو چاہیے کہ وہ اپنی بحث کا مرکز و محور انھی بنیادی مسائل کو بنائے۔ اگر ایمرجنسی اور گورنر راج کے دوران عوام کو واضح طور پر امن، بہتر انتظام اور تیز تر ترقیاتی کام نظر آئے تو بہت سے خدشات خود بخود دور ہو جائیں گے۔

وفاقی جمہوری نظام کی بنیاد باہمی احترام اور اعتماد پر ہے۔ اٹھارھویں آئینی ترمیم کے بعد صوبوں کو جو اختیارات ملے وہ وفاق کی کمزوری نہیں بلکہ اس کی مضبوطی کا ذریعہ ہیں۔ جب صوبائی حکومتیں خود کو بااختیار اور وفاق کو پارٹنر اکرت دار سمجھتی ہیں تو ملک مضبوط ہوتا ہے۔ اس کے برعکس جب صوبے یہ محسوس کریں کہ ان کے مینڈیٹ کا احترام نہیں کیا جا رہا تو احساسِ محرومی جنم لیتا ہے۔ اس احساس کا ازالہ کسی قرارداد یا ووٹ سے نہیں بلکہ مسلسل رابطے، مشاورت اور عملی اقدامات سے ہو سکتا ہے۔ وفاقی حکومت کو چاہیے کہ وہ خیبر پختونخوا کی قیادت اور عوامی نمائندوں کے ساتھ مسلسل رابطہ برقرار رکھے۔

اس نازک صورتحال میں پارلیمان کے مشترکہ اجلاس کی ایک علامتی اہمیت بھی ہے۔ اگر سپیکر قومی اسمبلی ایک غیر جانبدار ثالث کے طور پر کردار ادا کریں، پارلیمانی رہنماؤں کے درمیان رابطے بحال کرائیں اور ایک ایسی کمیٹی تشکیل دی جائے جس میں حکومت اور اپوزیشن دونوں کی نمائندگی ہو تو اس سے کشیدگی کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ سیاسی قائدین اس موقع پر احتیاط سے کام لیں، اختلافِ رائے کو ذاتی دشمنی نہ بنائیں اور عوام کو یہ پیغام دیں کہ مختلف رائے رکھنے والے بھی ایک ہی ملک کے شہری اور ایک ہی نظام کے شراکت دار ہیں۔ اس موقع پر سب سے اہم سوال یہ ہے کہ آگے کیا ہونا چاہیے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ ایمرجنسی کی مدت، مقاصد اور اہداف کا واضح خاکہ پیش کرے تاکہ عوام اور سیاسی جماعتیں جان سکیں کہ یہ بندوبست کب اور کن شرائط پر ختم ہوگا۔

خیبر پختونخوا اصلاحات کا عمل شروع!

گورنر خیبر پختونخوا (کے پی) فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے دہشت گردی کا مقابلہ پوری سنجیدگی، عزم اور اتحاد کے ساتھ کرنا ہوگا۔ پشاور میں گذشتہ روز خیبر پختونخوا پولیس کے شہداء کے لواحقین میں پلاٹوں کی الاٹمنٹ کے خطوط تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہ صوبے کے عوام، پاک فوج اور پولیس سمیت دیگر اداروں نے بے پناہ قربانیاں دی ہیں، شہداء کی قربانیوں کا متبادل نہیں دے سکتے، وہ شہداء کے اہلِ خانہ کو یقین دلاتے ہیں کہ اُنہیں تنہا چھوڑیں گے نہ ہی شہداء کا خون رائیگاں جانے دیں گے۔ اُنہوں نے کہا کہ وہ وزیر داخلہ کے شکر گزار ہیں جنہوں نے پولیس کی استعداد بڑھانے فراہم کیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ پولیس کی تنخواہوں میں اضافہ کر کے انہیں دوسرے صوبوں کے برابر کر دیا گیا ہے۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے بعد پولیس کے شہداء پیکیج میں اضافے کے علاوہ پولیس کی تنخواہوں سمیت اُن کے بچوں کی تعلیم اور شادی کی مالی معاونت کا بھی اعلان کیا گیا۔ کانسٹیبل سے ڈپٹی انسپکٹر جنرل (ڈی آئی جی) رینک تک کے شہید پیکیج میں 60 لاکھ سے قریباً ڈیڑھ کروڑ روپے تک کے اضافے کا اعلان کیا گیا جبکہ شہداء کے خاندانوں کیلئے پلاٹ کے بجائے گھر خریدنے کیلئے نقد مالی معاونت کے پیکیج کا اعلان بھی ہوا جس کے تحت کانسٹیبل سے انسپکٹر تک ایک کروڑ 80 لاکھ، ڈی ایس پی یا اے ایس پی کیلئے ڈھائی کروڑ، گریڈ 18 اور 19 کے افسروں کیلئے ساڑھے تین کروڑ جبکہ گریڈ 20 اور اُس سے اوپر کیلئے سات کروڑ روپے دیے جائیں گے۔ پولیس اہلکاروں کے بچوں یا والدین کو ٹارگٹ کیے جانے پر 50 لاکھ روپے کی مالی امداد دی جائے گی۔ پنجاب طرز پر پولیس شہداء کی بچیوں کو شادی پر 10 لاکھ روپے بطور تحفہ دیے جائیں گے جبکہ بچوں کی تعلیمی معاونت بھی کی جائے گی۔ جناب کنڈی کا کہنا تھا شہداء کے خاندان ملک کا فخر ہیں، اُن کی دیکھ بھال حکومت کی ذمہ داری ہے، اب شہداء کے ورثاء کو پلاٹ الاٹ ہونے کا انتظار نہیں کرنا پڑے گا

گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے تین روز کے اندر قبائلی اور جنوبی اضلاع میں امن و امان کی بحالی، عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں میں مقامی آبادی کی براہِ راست نمائندگی یقینی بنانے کے لئے 12 اضلاع پر مشتمل علاقائی ترقیاتی کونسل کی تشکیل کا انتخابی عمل بھی شروع کر دیا گیا ہے۔ متعلقہ حکام کے مطابق خیبر پختونخوا کے 12 اضلاع میں ہر ضلعے سے دو قبائلی عمائدین یا ملک منتخب کیے جائیں گے یوں یہ کونسل مجموعی طور پر 24 ارکان پر مشتمل ہوگی۔ کونسل کے ارکان کا انتخاب روایتی جرگہ نظام، مقامی قبائلی روایات اور باہمی مشاورت کے ذریعے کیا جائے گا جبکہ پہلے مرحلے میں شمالی وزیرستان، خیبر، بنوں اور ٹل میں انتخابی عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ حکام کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے چار علاقوں میں جرگوں اور مشاورتی اجلاس کا انعقاد کیا گیا جن میں قبائلی مشران، ملک، علمائے کرام، مقامی عمائدین اور تاجر برادری کے نمائندوں نے شرکت کی۔ ان اجلاسوں میں امن اور امان کی صورتحال، سیکورٹی چیلنجوں، عوام کو درپیش مسائل اور ترقیاتی ضروریات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترقیاتی کونسل کی تشکیل کے حوالے سے بتایا گیا کہ نئے انتظامی نظام کے تحت باجوڑ، مہمند، خیبر، کرم، اورکزئی، شمالی وزیرستان، جنوبی وزیرستان اپر، جنوبی وزیرستان لوئر، ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، کلی مروت اور بنوں سے مقامی نمائندوں کا انتخاب کیا جائے گا اور آئندہ دو روز کے دوران باقی اضلاع میں بھی انتخابی عمل شروع ہو جائے گا۔ حکام کے مطابق قبائلی عمائدین اور مقامی آبادی کو انتظامی اور ترقیاتی فیصلوں میں موثر نمائندگی فراہم کرنے، عوامی مسائل اور ضروریات کو متعلقہ حکام تک پہنچانے اور مقامی ترجیحات کے مطابق ترقیاتی منصوبوں کی نشاندہی کے لئے متعلقہ اضلاع کے ڈپٹی کمشنر جرگوں کے انعقاد اور مشاورتی عمل میں معاونت فراہم کر رہے ہیں۔ جرگوں میں شریک ملک صاحبان و مشران نے نئے انتظامی نظام پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے سرکاری اداروں اور سیکورٹی فورسز کے ساتھ تعاون جاری رکھنے اور پائیدار امن اور استحکام کے قیام کے لئے مشترکہ کوششیں کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔

وفاقی حکومت کا مؤقف ہے کہ خیبر پختونخوا پولیس سمیت دہشت گردی کے خلاف برسرِ پیکار اداروں کی حالت توجہ طلب ہے۔ ان اداروں کے اہلکار طویل عرصے سے بہتر تنخواہوں، جدید اسلحے، ضروری ساز و سامان، پیشہ ورانہ تربیت اور دیگر بنیادی سہولتوں کے مطالبات کر رہے تھے لیکن سابق صوبائی حکومت نے ان مطالبات پر مطلوبہ توجہ نہیں دی۔ وفاق کا کہنا ہے کہ وہ مسلسل صوبائی حکومت پر زور دیتا رہا کہ پولیس اور محکمہ انسدادِ دہشت گردی (سی ٹی ڈی) کی استعداد بڑھائی جائے، انہیں جدید تقاضوں کے مطابق تربیت دی جائے اور دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کیلئے تمام ضروری وسائل فراہم کیے جائیں تاہم خاطر خواہ پیش رفت نہ ہو سکی۔ خیبر پختونخوا کے سی ٹی ڈی کی انتظامی اور عملی استعداد کا معاملہ بھی طویل عرصے سے زیر بحث ہے۔ مارچ 2025ء میں وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے ایک پریس کانفرنس کے دوران دہشت گردی کی بڑھتی ہوئی لہر اور صوبے میں انسدادِ دہشت گردی کے انتظامات پر سوالات اٹھاتے ہوئے دعویٰ کیا تھا کہ سی ٹی ڈی کا دفتر کرائے کی عمارت میں قائم ہے۔ یہ بیان صوبے میں دہشت گردی کیخلاف کام کرنے والے اداروں کی حالت اور وسائل کے حوالے سے وفاقی حکومت کے تحفظات کا عکاس تھا۔ گورنر راج اور ایمرجنسی کی توثیق سے متعلق ہونے والے قومی اسمبلی اور سینیٹ اجلاسوں میں وفاقی وزراء نے واضح الفاظ میں کہا کہ دہشت گردی سے نبٹنے کے لئے خیبر پختونخوا کو تقریباً 800 ارب روپے فراہم کیے گئے تھے لیکن اُن کے بقول زمینی سطح پر اِس کے نتائج نظر نہیں آتے۔ صوبے میں احتسابی نظام، پولیس کی استعداد اور ضم شدہ قبائلی اضلاع کی انتظامی و ترقیاتی صورتحال کے بارے میں یہ اہم سوالات

سیاست کے انداز بدلے گئے

لڑکپن کی یادوں میں ایک یاد یہ بھی ہے کہ ہم سیاسی رہنماؤں کے بہت دیوانے ہوا کرتے تھے، ملتان کینٹ کے صدر بازار میں رہائش تھی اور اُس سے کچھ ہی فاصلے پر کھر ہاؤس ہوتا تھا۔ آج یہ ویران پڑا ہے، اس کھر ہاؤس میں سیاست کی بڑی گہما گہمی ہوتی تھی۔ غلام مصطفےٰ کھر پیپلز پارٹی میں تھے تو یہ جگہ گویا پیپلز پارٹی کی سرگرمیوں کا مرکز تھی، سونے پہ سہاگہ کھر کے تقریباً سامنے ہی گٹ فٹ ٹیلر نام کی دکان تھی یہ دکان گم اور سیاسی سرگرمیوں کا مرکز زیادہ تھی، پیپلز پارٹی کینٹ کا دفتر ہونے کی وجہ سے زیادہ وقت وہیں گذرتا تھا۔ پھر ایک دن یہ شور مچا کہ ذوالفقار علی بھٹو کھر ہاؤس آ رہے ہیں ہم نوجوان دوستوں نے بھی صبح سویرے وہاں ڈیرے ڈال دیئے۔ اچھی بات یہ تھی پیپلز پارٹی کے کارکنوں پر اندر جانے کی کھلی اجازت تھی۔ آج جیسی ہٹو بچو بھی نہیں تھی اور اُس دن خاصا میلہ سا لگا ہوا تھا۔ اِس سے پہلے ذوالفقار علی بھٹو پرانا شجاع آباد روڈ پر نواب صادق حسین قریشی جو بعد میں وزیر اعلیٰ بھی بنے، کے وائٹ ہاؤس میں رہنماؤں اور کارکنوں سے ملتے تھے۔ اُس زمانے میں ایک چھوٹے سے سیاسی رہنما کی بھی بہت عزت ہوتی تھی، کارکن بھی اُسے رشک کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ یہ صحیح معنوں میں سیاست کا عروج تھا، کرپشن کی کہانیاں بہت کم سننے کو ملتی تھیں، عام سیاسی رہنما لوگوں کی خدمت کر کے جو عزت ملتی تھی، اُس پر خوش ہوتے تھے۔ کسی تھانے میں کوئی پارٹی عہدیدار چلا جاتا تو اس کی بے عزتی نہیں شنوائی ہوتی تھی۔ افسر بھی اُن کی بات سنتے تھے، آج کل کی طرح نہیں کہ ارکان اسمبلی دہائی دے رہے ہیں کہ افسر اُن کی بات نہیں سنتے، اُلٹا بدزبانی کرتے ہیں، اس ضمن میں تحاریک استحقاق بھی پیش ہو رہی ہیں اور وہاں بھی پولیس اور انتظامی افسروں کی گردن نیچے نہیں آ رہی۔ سیاست اِس حال تک کیسے پہنچی، یہ کہانی سب کے سامنے ہے۔ سیاست پر انتظامیہ کا غلبہ نہ صرف سیاستدانوں کے لئے باعث ہزیمت ہے بلکہ عوام بھی گویا بے آسرا ہو گئے ہیں اور انتظامی و پولیس افسروں کے رحم و کرم پر ہیں۔ مجھے نصف صدی پہلے کا وہ واقعہ یاد ہے جب تھانہ کینٹ ملتان کی پولیس نے دو سیاسی کارکنوں کو تشدد کا نشانہ بنایا۔ پیپلز پارٹی کینٹ کے ایک رہنما خورشید خان تک یہ بات پہنچی تو انہوں نے کارکن اکٹھے کر کے تھانے کے سامنے دھرنا دے دیا۔ آدھا گھنٹہ نہیں گذرا ہوگا کہ ملتان کے ایس ایس پی، پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر اور ڈپٹی کمشنر موقع پر پہنچ گئے، بات گورنر ہاؤس لاہور تک پہنچ گئی جہاں غلام مصطفےٰ کھر بیٹھے تھے۔ سیاسی کارکنوں پر تشدد گویا ایک بہت بڑا واقعہ تھا۔ موقع پر تفتیش ہوئی، قصور پولیس والوں کا نکلا، کارکنوں کی رہائی ہوئی اور پولیس والے معطل کر دیئے گئے۔ اس واقعہ کا بہت دِنوں تک چرچا رہا اور پیپلز پارٹی کے کارکن پھولے نہ سمائے پھرتے تھے۔ آج کے نہیں پچھلے کئی دہائیوں کے حالات کو دیکھیں تو آپ کو فرق صاف نظر آئے گا۔ اب بس کارکن ہی رہ گئے ہیں ماریں کھانے اور جیل جانے کیلئے۔ رفتہ رفتہ حالات کا پانسہ یوں بھی پلٹا کہ سیاسی رہنماؤں نے ریاست کی طاقت کو سیاست سمجھ لیا، حالانکہ سیاست عوام سے ہوتی ہے، عوام کے لئے ہوتی ہے۔ آج حالات یہ ہیں کہ پارٹیوں کے رہنما اور ارکان اسمبلی وزیر اعلیٰ سے یہ شکایت کرتے ہیں کہ ضلع یا ڈویژن کا افسر انہیں ملاقات کا وقت نہیں دیتا، پھر اُس خبر کو ایسے پھیلاتے ہیں جیسے سیاست کا انحصار اُسی پر ہو، جس رکن اسمبلی کے ساتھ پانچ دس کارکن نظر نہ آئیں، وہ صرف یہ چاہتا ہے ڈی سی او، ڈی پی او اُسے صبح و شام سلام کرے، ڈیرے پر حاضری دے، میں نے خود ایک رکن اسمبلی کی بے بسی چند روز پہلے دیکھی۔ ایک غریب آدم اپنی فیملی کے ساتھ اُس کے ڈیرے پر بیٹھا ہوا تھا۔ مجھے ایک دوست کے ساتھ کسی تقریب میں جانا تھا۔ اُس نے کہا رکن اسمبلی سے ایک کام ہے راستے سے ہو لیتے ہیں۔ وہ غریب فیملی اُسے بتا رہی تھی ہم آپ کے ووٹرز ہیں ایک بدمعاش نے ہمارے گھر پر قبضہ کر لیا ہے اور دو بیٹوں کو بھی تشدد کر کے پولیس کے حوالے کیا ہے۔ اب پولیس والے ہمارے خلاف ہی پرچہ دے رہے ہیں۔ ایسی بات اگر دو دہائی پہلے کسی رکن اسمبلی کے سامنے ہوتی، رکن اسمبلی کو تو چھوڑیں ایک عام پارٹی عہدیدار کے علم میں بھی آتی تو وہ اُٹھ کر اُن کے ساتھ ہو لیتا، مگر میں نے خود یہ جملہ سنا، بابا افسر میرا واقف نہیں، تم کوئی اچھا وکیل کر کے عدالت میں کیس کر دو۔ میں یہ سن کہ حیران رہ گیا۔ ایک غریب آدم جس کی حالت بتا رہی ہے کہ دو وقت کی روٹی مشکل سے پکتی ہوگی، اُسے یہ مشورہ دینا کہ اچھا وکیل کر لو پرلے درجے کی سفاکی ہے۔ ساتھ ہی فرمایا مجھے ایک کھانے پر جانا ہے اس لئے تم خود ڈی پی او کے پاس چلے جاؤ، وہ تمہاری بات سنے گا۔ ساتھ ہی میں نے اپنے دوست کے کان میں کہا یہاں سے چلو، مجھے تو اُبکائی آنے لگی ہے۔ سیاست ایک چین کے سہارے کام کرتی ہے یہ اوپر لگایا گیا پودا نہیں ہے۔ عوام، سیاسی کارکن، پارٹی عہدیدار اور رکن اسمبلی، اس چین کے اجزاء ہیں۔ جب تک ارکان اسمبلی عوام، کارکنوں اور پارٹی عہدیداروں کی دسترس میں ہوتے تھے سیاست کی زنجیر مضبوط تھی، اب صرف بات رکن اسمبلی تک رہ گئی ہے۔ اس کے اپنے ذاتی کام اور مفادات ہی اتنے ہوتے ہیں کہ وہ بار بار عوام کے لئے کام کر کے اپنی سفارشیں ضائع نہیں کرنا چاہتا۔ اپوزیشن کے ارکان اسمبلی تو ویسے ہی گوانچی گاں بن جاتے ہیں مگر حکمران جماعت کے ارکان اسمبلی اور بڑے عہدیداروں کو سیاسی یتیمی کا لبادہ اوڑھے دیکھ کر حیرانی ہوتی ہے۔ مجھے ایک بیوروکریٹ نے بتایا آج کل سیاسی نمائندوں کی خواہشیں بھی عجیب و غریب ہیں۔ کبھی فون کریں گے کھانے کا وقت تو دیں، کبھی کہیں گے میں کل آپ کے آفس آنا چاہتا ہوں، ایک دو تصویریں بنوا لیجئے یا پھر کوئی اپنا ذاتی کام لے آئیں گے۔ اپنے حلقے کے مسائل پر شاذ و نادر ہی بات کریں گے۔ اب آپ ہی بتائیے اگر ہم بھی عوام کے مسائل بارے نہ سوچیں، ترقیاتی کام نہ کرائیں تو نظام کیسے چلے۔ اب ان کی خواہش یہ بھی ہوتی ہے کوئی ترقیاتی منصوبہ شروع ہوا ہے، تو اُس کی افتتاحی تختی پر اُن کا نام بھی آئے۔

چوہدری محمد سرور سے انس سرور تک

میں باپ بنا تو مجھے سمجھ آیا ہمارے بابا حاجی امان اللہ خانؒ مرحوم نے ہم بھائیوں کی کامیابی و کامرانی اور نیک نامی کیلئے کیا کچھ نہیں کیا، ہم پانچوں بھائی اپنے بابا کے گرانقدر ''احساسات'' اور ''احسانات'' کے مقروض ہیں اور کوئی فرزند اپنے ماں باپ کی سودوزیاں سے بے نیاز محبت اور شفقت کا قرض نہیں اتار سکتا۔ حق تو یہ ہے، ہم اپنے بابا کی خدمت کا حق ادا کرنے میں ناکام رہے۔ ایک ''باپ'' اپنے بچوں کے روشن مستقبل کیلئے ''باپ'' تک کر جاتا ہے، وہ باپ جس نے عہد شباب میں اپنے بچوں کو کندھوں پر بٹھایا ہو، بعد ازاں اس نحیف اور ضعیف کا اپنے جوان جہان پسران کیلئے بوجھ بن جانا یقیناً ان بیٹوں کی بدقسمتی کے سوا کچھ نہیں۔ ماں باپ سے سچی محبت اور ان کی خدمت کے معاملے میں بیٹیوں کو زیادہ باوفا، باصفا اور باحیاء کہنا بیجا نہیں ہوگا۔ ایک باپ کی محبت، انتھک محنت اور تربیت کے انداز کو سمجھنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ دنیا کا ہر زندہ ضمیر اور باشعور باپ اپنے بچوں کو خود سے ہزاروں گنا زیادہ کامیاب دیکھنا چاہتا ہے۔ برطانیہ کے پراعتماد، باوقار اور باصلاحیت وزیر تجارت محمد انس سرور کی نامزدگی پر ان کے نیک نام باپ اور ایک زیرک سیاسی مشیر کی حیثیت سے چوہدری محمد سرور کا جوش وجذبہ قابل دید تھا۔ چوہدری محمد سرور مختلف ادوار میں دو بار صوبہ پنجاب کے گورنر مقرر ہوئے، وہ نواز شریف اور عمران خان کے ''رازدار'' لیکن سیاسی طور پر ''بردبار'' ہیں تاہم بدقسمتی سے نواز شریف اور عمران خان دونوں نے پنجاب کی باگ ڈور ''بزداروں'' کے سپرد کی تھی۔ چوہدری محمد سرور پیٹک قومی سیاست میں نواز شریف سے زیادہ ''مقبول'' نہیں لیکن وہ ملک وقوم کیلئے انتہائی ''معقول'' ہیں، تاہم مقبول کی خاطر معقول قیادت کا ضیاع ہمارا سیاسی کلچر ہے۔ حالیہ دو دہائیوں میں بحیثیت گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور پر دو مرتبہ کٹھن وقت آیا تو دونوں بار انہوں نے ''اقتدار'' کی بجائے ''اقدار'' کا انتخاب کیا اور منصب کی بجائے اپنا کردار بچایا۔ انہوں نے عمران خان کے دور اقتدار میں اپنے خلاف مخصوص بیوٹوں اور بزداروں کی سازشوں کے نتیجے میں کپتان کا ہاتھ اور ساتھ چھوڑ دیا تھا لیکن اسیر قیدی کی باوفا اور باصفا ''ہمشیران'' اور ''مشیران'' کی متنازعہ گرفتاری کیخلاف زوردار آواز اٹھاتے ہوئے انہیں تنہا نہیں چھوڑا۔ اگر انہیں عارضی سرکاری عہدوں سے لگاؤ ہوتا تو وہ برطانیہ میں اپنے انتہائی عروج کے دور میں وہاں سے ہجرت کرتے ہوئے واپس پاکستان نہ آتے اور انسانیت کی خدمت کیلئے سرور فاؤنڈیشن کا آغاز نہ کرتے۔ آج برطانیہ کی حکومت میں ان کے فرزند ارجمند محمد انس سرور کے پاس اہم ترین وزارت تجارت کا قلمدان ہے، اگر چوہدری محمد سرور نے برطانوی سیاست میں فعال ہوتے تو انہیں کئی دہائیاں قبل مرکز میں وزیر یا شاید وزیر اعظم بھی منتخب کر لیا جاتا۔ تاہم انہیں پاکستان سے والہانہ محبت مستقل طور پر وطن واپس لے آئی۔ جس انسان کا باپ دادا براہ راست تحریک پاکستان میں شریک رہا ہو یا جس کے بزرگ ہجرت اور خون کے سمندر پار کرتے ہوئے پاکستان آئے ہوں آج بھی اُن مردوزن کی پاکستانیت قابل قدر بلکہ قابل رشک ہے۔ ان کے خون سے مادر وطن کی محبت کا جنون کوئی نہیں نکال سکتا۔

چوہدری محمد سرور نے برطانیہ میں تجارت اور سیاست میں متعدد چیلنجز درپیش ہونے کے باوصف اپنے ہونہار اور فرمانبردار بچوں کی تعلیم وتربیت میں کوئی کسر نہیں چھوڑی، اس سیاسی اور سماجی خاندان نے آج بھی اپنے ہاتھوں سے باپ دادا سے ورثہ میں ملی شاندار اور مثبت روایات کا دامن نہیں چھوڑا۔ ''باپ پر پوت پتا پر گھوڑا بہت نہیں تو تھوڑا تھوڑا'' کے مصداق چوہدری محمد سرور کے فرزند ارجمند محمد انس سرور اپنے ہیرو باپ کی انگلی تھام کر سیاست کے جس کارزار میں اپنے قدم مضبوطی سے جمانے اور قدم آگے بڑھانے آئے تھے، وہ آج وہاں عوامی پذیرائی کی صورت میں بے پایاں عزت اور اعزازات سمیٹ رہے ہیں، ایک زمانہ جانتا ہے وہ اپنے منصب سے انصاف جبکہ برطانوی معاشرت ومعیشت کو ڈیلیور کریں گے۔ چوہدری محمد سرور کی طرح جوانان اپنے آپ میں ایک ''عہد'' ہو وہ سیاسی اور سرکاری ''عہدوں'' سے بہت بڑا ہو جاتا ہے۔ تاہم ہماری ریاست اور سیاست بڑی قدآور شخصیات کے ضیاع میں اپنا کوئی ثانی نہیں رکھتی، ریاست پاکستان نے چوہدری محمد سرور سے وہ کام نہیں لیا جو ان سے لیا جا سکتا تھا۔ وہ پاکستان کی ناتواں قومی معیشت کو سہارا دینے کیلئے برطانیہ سے پاکستان آئے تھے، وہ چاہتے تو ایک بڑے عہدے پر فائز ہو کر اپنی مدت پوری کر کے واپس برطانیہ چلے جاتے، وہ چاہتے تو اپنے بیٹے کو سیاست میں لانچ کر کے اُسے وزیر بنوا کر اپنی سیاسی وراثت اُس کے حوالے کر جاتے، وہ چاہتے تو اپنی بیٹی کو سیاست میں لانچ کر کے اُسے وزیر بنوا کر اپنی سیاسی وراثت اُس کے حوالے کر جاتے، وہ چاہتے تو اپنی اہلیہ کو سیاست میں لانچ کر کے اُسے وزیر بنوا کر اپنی سیاسی وراثت اُس کے حوالے کر جاتے، وہ چاہتے تو اپنے بھتیجے کو سیاست میں لانچ کر کے اُسے وزیر بنوا کر اپنی سیاسی وراثت اُس کے حوالے کر جاتے، وہ چاہتے تو اپنے بھانجے کو سیاست میں لانچ کر کے اُسے وزیر بنوا کر اپنی سیاسی وراثت اُس کے حوالے کر جاتے، وہ چاہتے تو اپنے بھائی کو سیاست میں لانچ کر کے اُسے وزیر بنوا کر اپنی سیاسی وراثت اُس کے حوالے کر جاتے، وہ چاہتے تو اپنے بیٹے










































چیف سیکرٹری کے پی فخرِ عالم سے طارق اعوان کی ملاقات

عہدے کا چارج سنبھالنے پر مبارک باد، مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

پشاور (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن صوبائی اسمبلی ملک طارق اعوان نے خیبر پختونخوا کے نو تعینات چیف سیکرٹری ڈاکٹر محمد فخرِ عالم سے ملاقات کی اور انہیں اہم انتظامی عہدے کا چارج سنبھالنے پر دلی مبارک باد دی۔ ملاقات میں صوبے کی مجموعی صورتحال، حلقہ پی کے 82 کو درپیش مسائل، علاقے کی محرومیوں کے خاتمے، ترقیاتی ضروریات اور محکمہ صحت کی بہتری سمیت مختلف اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ملک فہد طارق اعوان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ملک طارق اعوان نے ڈاکٹر محمد فخرِ عالم کو چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا کا منصب سنبھالنے پر مبارک باد دیتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

لیگی ایم پی اے ملک طارق اعوان نو تعینات چیف سیکرٹری محمد فخر عالم سے ملاقات کر رہے ہیں

مسئلہ فلسطین صدی کی سب سے بڑی تاریخی ناانصافی ہے، چینی وزیر خارجہ

بیجنگ (آئی این پی) چین کے وزیر خارجہ وانگ لی نے کہا ہے کہ مسئلہ فلسطین اس صدی کی سب سے بڑی تاریخی ناانصافی ہے، اسرائیل مغربی کنارے میں یہودی بستیوں کی زبردستی تعمیر روکے اور اس فیصلے کو واپس لے۔ چینی وزارت خارجہ کے مطابق وانگ لی نے آذربائیجان میں اسرائیلی صدر اسحاق ہرزوگ سے ملاقات کے دوران کہا کہ خطے میں امن اور مصالحت کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی جرمنی کے قومی دن کی تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں

PTI اگر اب بھی اپنا آئینی و قانونی کردار نبھائے تو سوچا جا سکتا ہے، رانا ثنا

اپوزیشن کے اپنے رویوں کی وجہ سے ان کا نقصان ہو رہا ہے، ہمیں خود افسوس ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو نظر بند کرنا پڑا

سب کو علم ہے کہ پی ٹی آئی سوشل میڈیا مافیا کیسی گفتگو کرتا رہا، صوبائی، مرکزی حکومت کی ایک پالیسی نہ ہوئی تو ملک کو خطرہ ہے

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا کہ عمران خان جب وزیر اعظم تھے تو انہوں نے اپوزیشن لیڈر کو فون تک نہیں کیا، موجودہ وزیر اعظم جب بھی ایوان آتے ہیں، اپوزیشن لیڈر سے ہاتھ ملاتے ہیں، اپوزیشن کے اپنے رویوں کی وجہ سے ان کا نقصان ہو رہا ہے، پی ٹی آئی اگر اب بھی اپنا آئینی و قانونی کردار نبھائے تو سوچا جا سکتا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہمیں خود افسوس ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو نظر بند کرنا پڑا، سب کو معلوم ہے کہ وہ لانگ مارچ سے متعلق کیا گفتگو کیا کرتی تھیں، عمران خان کی بہنوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گوجر خان انڈر پاس منصوبے، شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے، ظہیر بھٹی

گڑھوں میں متعدد ضعیف العمر افراد گر کر زخمی ہونے کی بھی اطلاعات ہیں

گوجر خان (بیورو رپورٹ) معروف سماجی شخصیت راجہ ظہیر حیدر بھٹی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ شہر کے اندر انڈر پاس کے منصوبے پر جس سپیڈ سے کام شروع ہوا تھا۔ دن گزرنے کے ساتھ کچھوے کی رفتار اختیار کر گیا۔ جگہ جگہ کھدائی کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بالخصوص اسلم گردسری والی سروس روڈ پر ڈیلی گلیوں کے آگے کھدائی کر کے گزشتہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5 1)

سی ڈی اے کی جانب سے اسلام آباد کو مثالی دارالحکومت بنانے کیلئے متحرک

پیدل چلنے والوں کے پلوں کی تعمیر و بہتری سمیت ترقیاتی اقدامات کو سراہا گیا

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے سیکٹر ای-12 کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے جاری ترقیاتی کاموں کی تازہ ترین پیش رفت کا جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو ترقیاتی سرگرمیوں میں تیزی لانے کی ہدایت کی۔ اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

آبنائے ہرمز میں مال بردار بحری جہاز ڈوب گیا

تہران (صباح نیوز) آبنائے ہرمز میں کنٹینر بردار بحری جہاز ڈوب گیا، پانی میں تیرتے کنٹینر اور دیگر اشیاء کے مناظر سامنے آگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق بحری جہاز آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگ سے ٹکرایا تھا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

گوجر خان پانی کی قلت سے شہری پریشان، بلدیہ نے موٹریں درست ہونے کی تصدیق کر دی

گوجر خان (بیورو رپورٹ) گوجر خان سٹی کے مختلف علاقوں میں پینے کے پانی کی قلت کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ پانی کی عدم دستیابی کے باعث شہریوں کی روزمرہ زندگی متاثر ہو رہی ہے، جبکہ بعض علاقوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

علماء نے ٹی ایل پی کو لاوارث چھوڑ دیا، خادم حسین طاہر

اسلام آباد (نامہ نگار) المصطفیٰ رائٹرز فورم کے سربراہ سردار خادم حسین طاہر نے کہا ہے کہ بریلوی مسلک سے اہلسنت والجماعت کے علماء و مشائخ اور موقفیان کرام نے مشکل وقت میں ٹی ایل پی کو لاوارث چھوڑ دیا ہے شہدائے مرید کے کی برسی کے موقع پر کوئی خاص روڈمل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دوہرے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

اشتہاری کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، ایس پی انعم شیر

گوجر خان (بیورو رپورٹ) جاتلی پولیس کی کارروائی، دوہرے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہاری نے کارروائی کرتے ہوئے دوہرے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق جاتلی پولیس سابقہ رنجش پر ساتھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

کراچی، کتے کے کاٹے سے شہری جان کی بازی ہار گیا

صوبے میں رواں سال سگ گزیدگی سے اموات کی تعداد 39 ہو گئی

کراچی (آئی این پی) سندھ کے دارالحکومت کراچی میں سگ گزیدگی کے باعث ایک اور شہری جان کی بازی ہار گیا۔ بلدیہ ٹاؤن کے 70 سالہ رہائشی غلام رسول کو 20 روز قبل ایک کتے نے بائیں ہاتھ اور ران پر کاٹ لیا تھا۔ بروقت اینٹی ریبیز ویکسین نہ لگوانے پر مریض (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

فیصل آباد، سری لنکن اور بنگلہ دیشی انڈر 19 کرکٹ ٹیم کے درمیان میچ کھیلا جا رہا ہے

بیت المقدس میں کولمبیا کا سفارتخانہ، سمیت 19 اسلامی ممالک کا احتجاج

مشرقی بیت المقدس کو دارالحکومت بنا کر آزاد و خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کے حق کی حمایت کا اعادہ

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان سمیت 19 اسلامی ممالک کے وزرائے خارجہ نے کولمبیا کی جانب سے مقبوضہ بیت المقدس میں اپنا سفارت خانہ کھولنے کے اقدام کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے مسترد کر دیا ہے اور کولمبیا کی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس فیصلے پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

حیدرآباد، ایک خاتون اپنی بیٹی کے ہمراہ خالی ریڑھی کو لے جا رہی ہے

راول ڈیم سے کشمیر چوک تک سڑک مکمل بند

عوام ٹریفک اہلکاروں کی ہدایات پر عمل کریں، اسلام آباد ٹریفک پولیس

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ٹریفک پولیس نے شہریوں کی سہولت اور سفری روانی کو برقرار رکھنے کے لیے ایک اہم ڈائیورشن پلان جاری کیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق 15 اکتوبر 2026 تا اگلے حکم ثانی راول ڈیم چوک سے کشمیر چوک تک سڑک دونوں اطراف سے مکمل طور پر بند رہے گی

پشاور ہائیکورٹ، گورنر راج ایمرجنسی نفاذ کیخلاف درخواستیں 20 اکتوبر کو سماعت کیلئے مقرر

گورنر راج اور ایمرجنسی کے خلاف بیرسٹر گوہر خان اور سلمان خان ایڈووکیٹ نے الگ الگ درخواستیں دائر کر رکھی ہیں

ایمرجنسی، گورنر راج کو کالعدم اور غیر قانونی قرار، درخواست کے حتمی فیصلے تک اعلامیے کو بھی معطل کیا جائے، استدعا

پشاور (نیوز ایجنسیاں) پشاور ہائیکورٹ نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف درخواستیں 20 اکتوبر کو سماعت کیلئے منظور کر لیں۔ کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے خلاف بیرسٹر گوہر خان اور سلمان خان ایڈووکیٹ نے الگ الگ درخواستیں دائر کر رکھی ہیں، درخواستوں میں وفاقی و صوبائی حکومت اور دیگر حکام کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواستوں میں فیڈریشن آف پاکستان، صدر، وزیر اعظم، گورنر کے پی اور دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواستوں میں کہا گیا ہے کہ دہشتگردی کو بنیاد بنا کر منتخب صوبائی حکومت کیخلاف کارروائی امتیازی سلوک ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3 2)

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں معمولی کمی ریکارڈ

واشنگٹن (آئی این پی) تیل بردار جہازوں پر پابندیاں نرم کرنے کے ممکنہ امریکی اقدامات کے پیش نظر سرمایہ کاروں کی محتاط حکمت عملی کے باعث خام تیل کی قیمتوں میں معمولی کمی ریکارڈ کی گئی۔ عالمی میڈیا رپورٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4 2)

ذات مصطفیٰ کریم صمعت عظمیٰ ہیں، علامہ ہاشم حقانی

اللہ کی عطا کردہ تمام نعمتوں کا محور و مرکز نبی کریمؐ کی ذات گرامی ہے

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) ذات مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نعمت عظمیٰ ہیں۔ علامہ ہاشم حقانی۔ اللہ تعالیٰ نے جتنی نعمتیں عطا کیں ان تمام نعمتوں کا محور و مرکز ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذات گرامی ہے۔ سید المرسلین صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اپنی امت کی ہر شعبے میں راہنمائی فرمائی۔ سیرت النبی الامین الکریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم وہ زینہ ہے جسے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5 2)

اسلام آباد، علامہ ہاشم حقانی محفل میلاد سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان، پنجگور کے نوجوان شہاب نے رضا کارانہ طور پر سرینڈر کر دیا

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع پنجگور کے نوجوان شہاب نے رضا کارانہ طور پر سرینڈر کر دیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

اوریگون میں نوجوان کی سکول پر فائرنگ، استاد اور 3 بچے ہلاک

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی ریاست اوریگون میں 16 سالہ نوجوان اسکول میں فائرنگ کر کے 3 بچوں اور ایک استاد کو ہلاک کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق فائرنگ سے ہلاک بچوں کی عمریں پانچ، آٹھ اور گیارہ سال معلوم ہوئی ہیں، جب کہ مقتول استاد کی عمر 54 سال تھی۔

پوٹھوہار پریس کلب گوجر خان میں خیر سگالی کی فضا قائم

جرنلسٹ پینل کی نو منتخب کابینہ کو مبارکباد، پھولوں کے ہار پہنائے اور کیک بھی کاٹا

گوجر خان (بیورو رپورٹ) پوٹھوہار پریس کلب کے بعد گوجر خان میں انتخابات 2026-27ء کے فروغ باہمی احترام، رواداری اور صحافتی اتحاد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7 2)

پناہ کے زیر اہتمام (CUST) میں آگاہی سیشن کے بعد طالبات کا ثناء اللہ گھمن و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

غیر متعدی امراض میں اضافہ، غیر صحت بخش غذاؤں کیخلاف پناہ کی آگاہی مہم

CUST میں سیشن، نوجوانوں پر صحت مند غذائی انتخاب کے فروغ کیلئے فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز کی حمایت کرنے پر زور

فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز لازمی قرار دینے سے پیک مصنوعات کی شناخت کرنے میں مدد مل سکتی ہے، ثناء اللہ گھمن

کوئٹہ، ایک محنت کش نے روڈ کنارے گرم شالیں فروخت کے لیے سجا رکھی ہیں

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) نے نوجوانوں میں آگاہی پیدا کرنے کی اپنی ملک گیر مہم کو جاری رکھتے ہوئے کیپیٹل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (CUST) میں ایک آگاہی سیشن کا انعقاد کیا، جس کا مقصد طلباء کو الٹرا پروسیسڈ مصنوعات (UPPs) کے مضر صحت اثرات اور غیر متعدی امراض (NCDs) کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

لاہور ہائیکورٹ، بسنت کے 10 روزہ انعقاد کے خلاف درخواست مسترد

لاہور (نیوز ایجنسیاں) لاہور ہائیکورٹ نے بسنت 2027 کے 10 روزہ انعقاد کے خلاف درخواست غیر ضروری قرار دیتے ہوئے مسترد کر دی، جبکہ درخواست گزار کو متعلقہ نوٹیفکیشن کے ساتھ دوبارہ درخواست (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9 2)

جعلی دستاویزات پر بھرتیاں، مودی حکومت پر سوالیہ نشان

بھرتی شدہ بی ایس ایف کے 400 اہلکاروں کی اہلیت مشکوک قرار

نئی دہلی (نیوز ایجنسیاں) بھارتی سیکیورٹی فورسز میں دستاویزات کی ناقص تصدیق اور حساس عہدوں پر بھرتی نے مودی حکومت کی نالائقی کو آشکار کر دیا۔ بھارتی جریدہ دی پرنٹ کے مطابق بھارت میں ناقص تصدیق کے باعث سالوں سے بھرتی بی ایس ایف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 0 3)

اسلام آباد پولیس کی کامیابی، مختلف گروہوں کے 12 کارندے گرفتار

5 کروڑ 85 لاکھ روپے مالیت کا مالِ مسروقہ برآمد، مقدمات درج

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس سٹی زون پولیس کی بڑی کامیابی۔ چار جرائم پیشہ گروہوں کے 12 ارکان گرفتار، 5 کروڑ 85 لاکھ روپے مالیت کا مالِ مسروقہ برآمد۔ گرفتار ملزمان میں دو خواتین بھی شامل، چوری شدہ گاڑیاں، موٹر سائیکلیں، طلائی زیورات، قیمتی موبائل فونز اور نقدی برآمد کی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف آپریشن پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی خصوصی ہدایات پر اسلام آباد پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں سٹی زون پولیس ٹیموں نے مؤثر کارروائیاں کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9 1)

اسلام آباد پولیس کے افسر اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

ایریا مینیجر مسلم ہینڈز ویلفیئر مرزا کامران کی پوٹھوہار پریس کلب آمد

صحافیوں کے درمیان باہمی احترام، اتحاد اور یکجہتی وقت کی اہم ضرورت ہے، گفتگو

گوجر خان (بیورو رپورٹ) مسلم ویلفیئر ٹرسٹ کے ایریا مینیجر مرزا کامران نے پوٹھوہار پریس کلب گوجر خان کے نو منتخب عہدیداران سے ملاقات کی اور انہیں انتخابات میں کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر بیورو چیف عبدالباسط بھی ان کے ساتھ تھے معزز مہمانوں نے نو منتخب صدر راجہ اقبال، نائب صدر مرزا رفعت، ایڈیشنل سیکرٹری کاشف نوشاہی، سیکرٹری انفارمیشن قدیر خان، ممبر مجلس عاملہ مرزا ندیم۔ مرزا ظفر اور ہارون جٹ۔ سینئر صحافی طلعت سیال اور دیگر عہدیداران کو پھولوں کے ہار پہنائے گئے اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2 0)

آئی سی ٹی پولیس اعلیٰ عدلیہ کی سیکیورٹی کے لیے متحرک

سینئر پولیس افسران کے فول پروف حفاظتی انتظامات یقینی بنانے کے احکامات جاری

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد کیپیٹل پولیس ہائی سیکیورٹی زون میں اعلیٰ عدلیہ کی سیکیورٹی کے لیے متحرک۔ سینئر پولیس افسران کے فول پروف حفاظتی انتظامات یقینی بنانے کے احکامات جاری۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس سیکیورٹی ڈویژن رانا عمر فاروق کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کے قیام اور اعلیٰ عدلیہ سمیت اہم سرکاری عمارتوں کی سیکیورٹی کو مؤثر بنانے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں ہائی سیکیورٹی زون میں اعلیٰ عدلیہ کی حفاظت کے لیے خصوصی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

سانحہ پشاور سکول کا مقدمہ تھانہ آغا میر جانی شاہ میں درج

مقدمہ ٹھیکیدار، مالکان اور شیئر ہولڈرز کے خلاف درج کیا گیا

پشاور (صباح نیوز) پشاور کی دیر کالونی اسکول میں چھت گرنے سے بچوں و خاتون ٹیچر کی ہلاکتوں اور 52 افراد کے زخمی ہونے کے واقعہ کا مقدمہ تھانہ آغا میر جانی شاہ میں درج کر لیا گیا ہے۔ مقدمے کے متن کے مطابق اسکول کی عمارت میں ناقص میٹریل استعمال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

اشیا کی مصنوعی قلت، گرانفروشی کیخلاف کارروائی کی ہدایت

عوام کی سہولت کیلئے سپلائی چین اور قیمتوں کی مسلسل نگرانی کی جائے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (صباح نیوز) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت اشیائے ضروریہ کے ذخائر اور قیمتوں کے جائزہ اجلاس میں مصنوعی قلت اور گرانفروشی میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت کی گئی۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت اشیائے ضروریہ کے ذخائر اور قیمتوں کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، نائب وزیر اعظم کو ملک میں اشیائے ضروریہ کے وافر ذخائر کی دستیابی اور قیمتوں میں استحکام پر بریفنگ دی گئی۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ وزیر اعظم کی ہدایات کے مطابق عوام کی سہولت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

سانحہ کارساز سیاسی تاریخ کا المناک باب ہے، شاہین ڈار

مظفر آباد (بیورو رپورٹ) سابق ڈپٹی اسپیکر قانون ساز اسمبلی محترمہ شاہین کوثر ڈار نے کہا ہے کہ سانحہ کارساز پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3 1)

ایم ڈی کیٹ امتحانات کے سوالیہ پیپرز امیدواروں سے واپس لینے کا اقدام غیر قانونی قرار

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائی کورٹ نے ایم ڈی کیٹ امتحانات کے سوالیہ پیپرز امیدواروں سے واپس لینے کا اقدام غیر قانونی قرار دے دیا۔ عدالت نے تمام امتحانات کے سوالیہ پیپرز فوری ایپ پر اپ لوڈ کرنے کا حکم دیا، سوالیہ پیپرز امیدواروں سے پرچے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

کوہاٹ پولیس لائنز حملے کا ماسٹر مائنڈ دہشت گرد زاہد گل ہلاک

لکی مروت (مانیٹرنگ ڈیسک) سی ٹی ڈی لکی مروت اور سیکیورٹی فورسز نے ایف آر لکی مروت میں مشترکہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران کوہاٹ پولیس لائنز پر خودکش حملے کا ماسٹر مائنڈ دہشت گرد زاہد گل ہلاک کر دیا۔ سی ٹی ڈی خیبر پختونخوا کے مطابق آپریشن کے دوران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

بنگلہ دیش کا 15 رکنی ثقافتی وفد 30 سال بعد اسلام آباد دورہ پر پہنچ گیا

اسلام آباد (صباح نیوز) بنگلہ دیش کا 15 رکنی ثقافتی وفد پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان تین دہائیوں کے وقفے کے بعد ثقافتی تبادلوں کے فروغ اور دوطرفہ تعلقات کو مزید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

شہرنامہ اسلام آباد

شکایات سیل

- آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
- آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
- آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
- آپ کا حق تلف کیا گیا
- آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
- آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
- آپ آگر قبیجہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
- آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
- آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
- یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

Safwan
Marquee & Event Lawn
سفوان
مارکی اینڈ ایونٹ لان
کی خدمات آپ کے لیے ہمہ وقت حاضر ہیں
آپکے دلوں کی ڈھڑکن آپکی خدمت میں پیش پیش
کارپوریٹ
کانفرنس/سیمینار
فیشن شو/گالہ ایونٹس
میرج ایونٹ
سالگرہ پارٹی
میوزیکل پروگرام
مہندی فنکشن
اسپیشل بکنگ آفر
مناسب پیکج پر بکنگ جاری ہے
ایڈوانس بکنگ جاری ہے
پارک روڈ بالمقابل ہاسٹل سٹی نزل کنگ حماد یونیورسٹی اسلام آباد
فون نمبر: 051-2321105-7 , 03310491234 , 03320491234

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
شکی پرنٹرز
SPS
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اور جینرل آئٹم ڈیکوریشن
ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزیٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083